Shabbir / Fazil

20-01-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں محمد عمار

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- بھارت اور متحدہ عرب امارات نے سرحد پار کی دہشت گردی سمیت ہر طرح کی دہشت گردی کی مذمت کی ہے اور سال 2032 تک باہمی تجارت دوگنا کرکے 200 ارب ڈالر تک پہنچانے کا عہد کیا ہے۔

2- 45 سالہ نتن نبین کو آج BJP کے سب سے کم عمر صدر بننے کا باضابطہ اعلان کیا جائے گا۔

3- تقریباً 10 ہزار خصوصی مہمانوں کو نئی دلی کے کرتویہ پتھ پر اِس سال کی یومِ جمہوریہ پریڈ دیکھنے کیلئے مدعو کیا گیا ہے۔

4- چھتیس گڑھ کے Gariaband ضلعے میں چھ خاتون کیڈرس سمیت 9 ماؤنوازوں نے خود سپردگی کی ہے۔

5- بھارت نے سال 2025 میں 47 ارب ڈالر مالیت کا الیکٹرانکس سامان برآمد کیا جوکہ ایک ریکارڈ ہے۔

6- اور : موسمِ سرما کے کھیلو انڈیا گیمس 2026 کا پہلا مرحلہ آج لداخ کے Leh میں شروع ہو رہا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

MEA PM UAE

وزیراعظم نریندر مودی اور متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد زاید النہیان نے سرحد پار کی دہشت گردی سمیت ہر طرح کی دہشت گردی کی مذمت کی ہے۔ میٹنگ کے بارے میں نئی دلی میں نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے بتایا کہ دونوں رہنماؤں نے اِس بات پر زور دیا کہ کسی بھی ملک کو اُن عناصر کو محفوظ پناہ گاہ فراہم نہیں کرنی چاہیے جو دہشت گردانہ سرگرمیوں کیلئے سرمایہ فراہم کرتے ہیں، منصوبہ بندی کرتے ہیں، مدد کرتے ہیں یا اِس طرح کی حرکت کو انجام دیتے ہیں۔

جناب مسری نے بتایا کہ دونوں لیڈروں نے دہشت گردی کیلئے سرمایہ فراہم کرنے کی روک تھام اور منی لانڈرنگ کے خلاف کوششوں کو مستحکم بنانے کی خاطر مالی امور سے متعلق ایکشن ٹاسک فورس کے دائرے کے اندر تعاون جاری رکھنے سے اتفاق کیا۔

خارجہ سکریٹری نے مزید کہا کہ بھارت اور متحدہ عرب امارات نے بھارت میں سپر کمپیوٹنگ کلسٹر کے قیام سے بھی اتفاق کیا ہے۔ جناب وکرم مسری نے کہا کہ طرفین باہمی تجارت کو 2032 تک دوگنا کرکے 200 ارب ڈالر تک پہنچانے پر بھی رضامند ہوگئے ہیں۔

دونوں لیڈروں نے بھارت کی کایا پلٹ کیلئے ایٹمی توانائی کو پائیدار انداز سے بروئے کار لانے اور اس کے فروغ سے متعلق قانون SHANTI وضع کیے جانے کا بھی خیر مقدم کیا اور کہا کہ اِس سے سول ایٹمی اشتراک میں اضافے کیلئے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔x

[Rev. BJP New President]

BJP کے کارگزار صدر Nitin Nabin پارٹی کے نئے قومی صدر بننے جارہے ہیں۔ پارٹی کے قومی ریٹرننگ آفیسر ڈاکٹر کے لکشمن نے اعلان کیا کہ BJP کے قومی صدر کے عہدے کیلئے صرف Nitin Nabin کا نام ہی تجویز کیا گیا۔ تاہم اُن کے نئے قومی صدر کے طور پر انتخاب کا باضابطہ اعلان آج کیا جائے گا۔ ڈاکٹر لکشمن نے کہا کہ قومی صدر کے عہدے کیلئے Nitin Nabin کے حق میں کاغذاتِ نامزدگی کے کُل 37 سیٹ موصول ہوئے۔ جانچ پڑتال کے بعد تمام نامزدگی فارم مطلوبہ فارمیٹ میں درست پائے گئے اور انہیں مجاز قرار دیا گیا۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔

V-C Akshit

BJP کے قومی صدر جے پی نڈا، مرکزی وزراء امت شاہ، راجناتھ سنگھ، نتن گڈکری اور BJP پارلیمانی بورڈ کے دیگر اراکین نے قومی صدر کے عہدے کیلئے Nitin Nabin کے نام کی تجویز پیش کی۔ BJP کے قومی صدر کا انتخاب ایک الیکٹورل کالج کے ذریعے کیا جاتا ہے، جس میں پارٹی کے قومی کونسل اور ریاستی کونسلوں کے نمائندے شامل ہوتے ہیں۔ اِس وقت یہ عہدہ مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈا کے پاس ہے۔ جناب نڈا کو جون 2019 میں BJP کا قومی کارگزار صدر مقرر کیا گیا تھا۔ اِس کے بعد جنوری 2020 میں انہیں بلا مقابلہ پارٹی صدر منتخب کیا گیا تھا۔ انہوں نے اُس وقت کے پارٹی صدر امت شاہ کی جگہ لی تھی۔

نئی دلّی سے اَکشِت کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

[Rev. Republic Day Special Guests]

وزارت دفاع نے کہا ہے کہ اِس سال نئی دلّی کے کرتویہ پتھ پر ہونے والی 77 ویں یوم جمہوریہ پریڈ کو دیکھنے کیلئے تقریباً 10 ہزار خصوصی مہمانوں کو مدعو کیا گیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔

V-C Bhanu

نئی دلّی کے کرتویہ پتھ پر ہونے والی یوم جمہوریہ پریڈ ملک کی ثقافتی گوناگونیت اور فوجی صلاحیت کا ایک منفرد امتزاج ہے۔

اِن مہمانوں میں بہترین اختراع کار، اسٹارٹ اَپس، اپنی مدد آپ گروپوں اور مختلف سرکاری اقدامات کے تحت بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افراد شامل ہیں۔ اس کے علاوہ آمدنی اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں غیر معمولی کام کرنے والے افراد کو بھی مدعو کیا گیا ہے۔

وزارت نے کہا کہ اِن مہمانوں کو مدعو کرنے کا مقصد ملک کی تعمیر میں اُن کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنا اور قومی اہمیت کے حامل پروگراموں میں جَن بھاگیداری کو فروغ دینا ہے۔

خصوصی مہمانوں میں عالمی پیرا ایتھلیٹکس چمپئن شپ کے فاتحین، پی ایم اسمائل اسکیم کے تحت بازیاب کئے گئے محنث افراد اور بھکاری اور قدرتی کاشتکاری کرنے والے کسان بھی شامل ہیں۔

نئی دلّی سے بھانو پرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

Chhattisgarh Maoists

چھتیس گڑھ کے Gariaband ضلع میں کُل 6 خاتون کیڈرس سمیت 9 ماؤنوازوں نے پولیس کے سامنے خودسپردگی کی۔ اُن پر کُل 48 لاکھ روپے کا انعام تھا۔ ان ماؤنوازوں نے پولیس کے انسپکٹر جنرل اَمریش مشرا کے سامنے خودسپردگی کی۔ اس موقع پر انہوں نے ایک AK-47 رائفل، ایک INSAS رائفل اور دیگر اسلحے بھی سونپے۔ خودسپردگی کرنے والے افراد میں کمانڈر اور ڈویژنل کمیٹی ممبر سطح کے ماؤنواز شامل تھے۔

اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے IG امریش مشرا نے کہا کہ اِس کے ساتھ ہی Gariaband ضلع میں ماؤنوازوں کی اب کوئی سرگرمی باقی نہیں بچی ہے۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

IMF India Groth

بین الاقوامی مالیاتی فنڈ IMF نے سال 2025 کیلئے بھارت کی اقتصادی شرح ترقی میں صفر اعشاریہ سات فیصد کا اضافہ ہونے کا اندازہ لگایا گیا ہے۔ اِس طرح یہ شرح سات اعشاریہ تین فیصد تک پہنچ جائے گی۔ عالمی

اقتصادی منظر نامے کی تازہ جانکاری کے مطابق IMF نے کہا ہے کہ شرح میں اضافہ ہونے کے اندازے سے موجودہ مالی سال کی چوتھی سہ ماہی میں مضبوط پوزیشن کی عکاسی ہوتی ہے۔

ساتھ ہی IMF نے اگلے مالی سال 27-2026 کے دوران شرح ترقی چھ اعشاریہ چار فیصد رہنے کی بات کہی ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ متوقع اعتدال کے باوجود ابھرتی ہوئی مارکیٹ اور ترقی پذیر معیشتوں میں بھارت ترقی کے لحاظ سے پیش پیش ہے۔x

Vaishnw Electronics

بھارت نے سال 2025 میں 47 ارب ڈالر مالیت کا الیکٹرانکس سامان برآمد کیا جو کہ ایک ریکارڈ ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر الیکٹرانکس اور آئی ٹی محکمے کے وزیر اشونی ویشنو نے بتایا کہ تقریباً 30 ارب ڈالر، اسمارٹ فون کی برآمدات سے حاصل ہوئے جس میں پیداوار سے منسلک ترغیب فراہم کی گئی تھی۔ انھوں نے کہا کہ الیکٹرانکس بھارت سے برآمد کیے جانے والا تیسرا سب سے بڑا شعبہ ہے۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ سال 2015 کے بعد سے الیکٹرانکس سامان کی برآمدات میں 11 گنا اضافہ ہوا ہے۔

جناب اشونی ویشنو نے یہ بھی بتایا کہ خواتین کی بڑی شمولیت، MSME اداروں کیلئے مواقع اور نوجوانوں کی طویل مدتی ہنرمندی کے ساتھ روزگار کے 25 لاکھ نئے مواقع بھی پیدا کیے گئے۔x

Defence Minister Dabolim Airport

جنوبی گوا کے باشندوں اور سیاحت کے شعبے کو بڑی راحت پہنچاتے ہوئے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے اِس بات کی تصدیق کی ہے کہ Dabolim بین الاقوامی ہوائی اڈہ سویلین پروازوں کیلئے بدستور پوری طرح کام کرتا رہے گا۔ قومی راجدھانی میں جناب سنگھ اور گوا کے وزیراعلیٰ پرمود ساونت کے درمیان اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران یہ یقین دہائی کرائی گئی۔ یہ میٹنگ اِس تشویش کے تناظر میں ہوئی تھی کہ سویلین پروازوں کو Mopa میں حال ہی میں شروع کیے گئے منوہر بین الاقوامی ہوائی اڈے پر منتقل کیا جا سکتا ہے۔x

SC Air Fare

سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ وہ ہوائی جہاز کی پروازوں کے کرائے میں غیر متوقع اتار چڑھاؤ ہونے پر مداخلت کرے گی۔ عدالتِ عالیہ نے تہواروں کے دوران ہوائی سفر کے کرائے میں بے تحاشہ اضافے کا بھی نوٹس لیا ہے۔

مفادِ عامہ میں دائر کی گئی ایک درخواست کی سماعت کرتے ہوئے جسٹس وکرم ناتھ اور جسٹس سندیپ مہتا کی

ایک بینچ نے ایئر لائنس کی جانب سے کرائے میں بے تحاشہ اضافے کو استحصال سے تعبیر کیا اور مرکزی سرکار نیز شہری ہوابازی کے ڈائریکٹریٹ جنرل DGCA سے کہا کہ وہ اپنے جواب داخل کریں۔

عدالتِ عالیہ نے اِس معاملے پر مزید سماعت کیلئے 23 فروری کی تاریخ مقرر کی ہے۔ اِس سے قبل اڈیشنل سالیسٹر جنرل انل کوشِک نے مرکز کی طرف سے جواب داخل کرنے کیلئے وقت دیے جانے کی اپیل کی تھی۔x

## INS Sudershini

بھارتی بحریہ کا بحری جہاز INS Sudarshini آج 26 Lokayan کے سفر پر دس مہینے طویل مہم کیلئے روانہ ہو رہا ہے۔ وزارت دفاع کے مطابق یہ بحری جہاز اپنے سفر کے دوران 13 ملکوں میں 18 غیر ملکی بندرگاہوں سے ہوکر گزرے گا اور 22 ہزار بحری میل سے زیادہ کا سفر طے کرے گا۔ INS Sudarshini فرانس میں ایک بحری فیسٹول اور نیویارک میں امریکہ کے قیام کے 250 سال پورے ہونے کے جشن میں شامل ہوگا۔ x

## Afghan Blast

افغانستان میں کابل کے شہرِنو علاقے میں واقع ایک ریستوراں میں ہوئے دھماکے میں ایک چینی شہری سمیت 7 افراد ہلاک ہوگئے، جبکہ کئی زخمی ہوگئے۔ یہ دھماکہ جس ریستوراں میں ہوا، اُسے چین اور افغانستان کے شہری مشترکہ طور پر چلاتے ہیں۔ اسلامِک اسٹیٹ کی افغانستان کی شاخ نے اس حملے ذمہ داری قبول کی ہے۔x

## Rev.Mandaviya Khelo India

کھیلو انڈیا، Winter گیمز کا چھٹا ایڈیشن لداخ کے شہر لیہہ میں آج سے شروع ہورہا ہے۔ 21 ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے ایک ہزار کھلاڑی Ice Sportng مقابلے ہاکی اور اِسکیٹِنگ میں حصہ لیں گے، اس میں 472 ایتھلیٹس بھی شامل ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔

V-C Yangchan Dolma

اِس مرتبہ موجودہ کی Speed Skating اورشارٹ ٹریک اسکیٹنگ کے ساتھ ساتھ ایک اولمپک اسپورٹ Figure Skating کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ موسمِ سرما کے قومی سطح کے کھیلو انڈیا گیمز سال 2020 سے کھیلو انڈیا اسکیم کے تحت ہو رہے ہیں۔ Ice Hockey کے مقابلے NDS آئس ہاکی اسٹیڈیم اور Phyang میں لداخ اسکاؤٹ ریجیمینٹل سینٹرکی Ice ہاکی Rink میں ہوں گے۔

اِن کھیلوں سے پہلے لداخ کے لیفٹننٹ گورنر Kavinder Gupta نے اِن مقامات کا دورہ کرکے انتظامات کا جائزہ لیا۔
انھوں نے کھیلو انڈیا ونٹر گیمس کو خوش اسلوبی کے ساتھ کرانے اور اِس میں حصہ لینے والے کھلاڑیوں کیلئے ہر طرح کی سہولت فراہم کیے جانے کی ہدایت دی۔
Leh لداخ سے Yangchan Dolma کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ........

WB SIR

مغربی بنگال کے اعلیٰ انتخابی افسر کے دفتر نے یہ اعتماد ظاہر کیا ہے کہ ووٹر فہرستوں پر خصوصی جامع نظرِ ثانی SIR کا عمل مقررہ مدت کے اندر مکمل کرلیا جائے گا۔ چناوٴ کمیشن نے اِس کام کو پورا کرنے کیلئے 14 فروری کی تاریخ طے کی ہے۔ مختلف علاقوں میں اگرچہ سماعت کے مرحلے کے دوران مختلف ضلعوں سے کئی پُرتشدد واقعات کی اطلاعات سامنے آئی ہیں، پھر بھی متعلقہ عہدیداروں نے دعویٰ کیا ہے کہ SIR کے کام میں کوئی رکاوٹ نہیں پڑی ہے۔x

World Economic Forum

سوئٹزر لینڈ کے شہر Davos میں عالمی اقتصادی فورم کے اجلاس کا آغاز ہوگیا۔ اس 56 ویں سالانہ اجلاس میں دنیا بھر کے تین ہزار سے زیادہ عالمی رہنما شرکت کررہے ہیں۔ پانچ روز اِس مذاکراتی اجلاس میں شرکت کیلئے 100 سے زیادہ بھارتی CEOs کے ساتھ ایک بڑا سرکاری وفد بھی وہاں موجود ہے۔ کُل سمٹ کے پہلے دن مہاراشٹر حکومت نے 14 لاکھ 50 ہزار کروڑ روپے کی ریکارڈ سرمایہ کاری کے مفاہمت ناموں پر دستخط کئے۔ ایک ہی دن میں حاصل ہونے والی یہ وسیع سرمایہ کاری تقریباً 2025 کے پورے Davos سمٹ کے دوران ریاست کو حاصل ہونے والی مجموعی سرمایہ کاری کے برابر ہے۔ دستخط کئے گئے 19 مفاہمت ناموں سے مختلف شعبوں میں 15 لاکھ سے زیادہ روزگار کے مواقع پیدا ہونے کی توقع ہے۔
ریاستی حکومت کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ سمجھوتے ریاست کے وکست مہاراشٹر 2047 کے نظریئے اور پانچ ٹریلین ڈالر کی معیشت بننے کے، اُس کے پُرعزم ہدف سے ہم آہنگ ہے۔
نئی اور قابل تجدید توانائی کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے سوئٹزرلینڈ کے شہر Davos میں Oman کے نائب وزیراعظم برائے اقتصادی امور کے اقتصادی مشیر ڈاکٹر Said محمداحمد Al Saqri سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب جوشی نے کہا کہ اس ملاقات کے دوران انہوں نے شمسی توانائی، بادی توانائی، گرین ہائیڈروجن اور توانائی کے ذخیرے کے شعبوں میں بھارت کی ثابت شدہ صلاحیت کو اُجاگر کیا، جو بنجر زمینوں اور صحرائی حالات میں بھی

قابل توسیع ہے اور عالمی سرمایہ کاروں کیلئے مضبوط مواقع فراہم کرتی ہے۔×

IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے پنجاب کے الگ الگ علاقوں میں کل تک صبح اور رات کے وقت گ ori سے بہت گہرے کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے بہار، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی اور پنجاب میں کچھ مقامات پر گھنا کہرا چھائے رہنے کا بھی امکان ظاہر کیا۔ IMD کے مطابق اگلے تین دن کے دوران مہاراشٹر میں کم سے کم درجہ حرارت دو سے چار ڈگری تک بڑھ سکتا ہے۔×

WPL Cricket

خواتین پریمئرلیگ کرکٹ میں، وڈودرہ کے BCA اسٹیڈیم میں رائل چیلنجرس بینگلورو نے گجرات جائنٹس کو 61 رن سے شکست دی۔ گجرات جائنٹس نے ٹاس جیتا اور پہلے گیندبازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ رائل چیلنجرس بینگلورو نے مقررہ 20 اوورس میں 6 وکٹ پر 178 رن بنائے۔ جیت کیلئے 179 رن کے نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے گجرات جائنٹس کی ٹیم مقررہ 20 اوورس میں 8 وکٹ پر 117 رن ہی بناسکی۔

آج کے مقابلے میں، وڈودرہ کے اسی مقام پر دلّی کیپٹلس کا سامنا ممبئی انڈینس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے کھیلا جائے گا۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کونین حیدر

شکریہ -محمد عمار

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زائد النہیان کے بھارت دورے سے متعلق خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی شہ سرخی ہے: ’’متحدہ عرب امارات کے صدر کا دورۂ ہند، وزیراعظم نریندر مودی نے شیخ محمد بن زائد النہیان کا استقبال کیا۔

نتن نبین کو BJP کے قومی صدر منتخب کیے جانے کی خبر کو روزنامہ انقلاب اور ہندوستان ایکسپریس سمیت بیشتر

اخبارات نے اپنے صفحۂ اول پر پیش کیا ہے۔

یومِ جمہوریہ کی تقریبات میں شرکت کیلئے 10 ہزار خصوصی مہمانوں کو مدعو کیے جانے کی خبر کو آج کے اخبارات نے اپنے صفحہ اول پر اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

لکھنؤ میں منعقدہ پریزائڈنگ آفیسرز کی قومی کانفرنس سے متعلق خبروں کو بھی آج کے اردو اخبارات نے نمایاں طور پر پیش کیا ہے اور لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ مکالمہ، غور وفکر اور غیر جانبداری سے ہی جمہوریت مستحکم ہوگی۔

اس کے علاوہ بین الاقوامی خبروں کی سرخیاں اس طرح ہیں:

☆ شدید جھڑپوں کے بعد شامی حکومت اور کرد فورسز کا جنگ بندی پر اتفاق۔

☆ اسرائیل نے ٹرمپ کے غزہ بورڈ آف پیس کی تشکیل کو مسترد کیا

☆ اسپین میں دو تیز رفتار ٹرینوں کی ٹکر، 39 افراد کی موت، 100 سے زائد زخمی۔

☆ کابل بم دھماکہ، 7 افراد کی موت، چینی باشندوں سمیت متعدد زخمی۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- بھارت اور متحدہ عرب امارات نے سرحد پار کی دہشت گردی سمیت ہر طرح کی دہشت گردی کی مذمت کی ہے اور سال 2032 تک باہمی تجارت دوگنا کرکے 200 ارب ڈالر تک پہنچانے کا عہد کیا ہے۔

2- 45 سالہ نتن نبین کو آج BJP کے سب سے کم عمر صدر بننے کا باضابطہ اعلان کیا جائے گا۔

3- تقریباً 10 ہزار خصوصی مہمانوں کو نئی دلی کے کرتویہ پتھ پر اِس سال کی یومِ جمہوریہ پریڈ دیکھنے کیلئے مدعو کیا گیا ہے۔

4- چھتیس گڑھ کے Gariaband ضلعے میں چھ خاتون کیڈرس سمیت 9 ماؤنوازوں نے خود سپردگی کی ہے۔

5- بھارت نے سال 2025 میں 47 ارب ڈالر مالیت کا الیکٹرانکس سامان برآمد کیا جوکہ ایک ریکارڈ ہے۔

6- اور : موسمِ سرما کے کھیلو انڈیا گیمس 2026 کا پہلا مرحلہ آج لداخ کے Leh میں شروع ہو رہا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔